© rasailojaraid.com



بہت سی خوبیوں کے ساتھ ''ہر گلے را خارے'' کے مصداق اس میں کچھ چیزیں نظرثانی کی محتاج ہیں۔ بالخصوص صحابہ کرامؓ کے ناموں کی صحت کا اہتمام لازم ہے۔ سیدنا سعد بن ابی وقاصؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماموں تھے (ص ۱۸۶)' یہ صحیح نہیں۔ حضورؐ کی والدہ ماجدہ کا کوئی حقیقی بھائی نہ تھا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے گھر کا سارا سامان جہاد کے لیے پیش کر دیا (ص ۱۹۷)' یہ شرف صرف صدیق اکبرؓ کو حاصل ہوا۔ کتاب کے بیشتر الفاظ اِعراب اور علاماتِ اضافت (ہمزہ یا زیر' پیش) کے بغیر ہیں۔ ایسی کتابوں میں اِعراب اور علاماتِ اضافت لگانے کا اہتمام کرنا بہت ضروری ہے (بالخصوص اسما پر)۔ امید ہے کہ آیندہ ایڈیشن میں اس کا خیال رکھا جائے گا۔ کتاب کی پیش کش شایانِ شان ہے۔(طالب الہاشمی)

**Lift Up Your Hearts**' جلد دوم' عبدالرشید صدیقی' ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن' لسٹر۔ صفحات: ۱۴۵۔ قیمت: ۵ پاؤنڈ۔

اسی عنوان سے ۳۰ خطبات کے ایک مجموعے کی اشاعت کے بعد' عبدالرشید صدیقی صاحب نے یہ ۲۵ خطبات کا مجموعہ پیش کیا ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ اگر پہلا حصہ نماز روزہ جیسے دینی موضوعات سے بحث کرتا تھا تو اس حصے میں دہشت گردی' ہم جنس پرستی' انفارمیشن ٹکنالوجی' انسانی حقوق' جانوروں کے حقوق' غیر مسلموں سے تعلق وغیرہ جیسے ''جدید'' موضوعات زیر بحث آئے ہیں۔ دراصل یہ تحریریں چھ چھے' سات سات صفحات کے خطبات ہیں جو جہاں ضرورت ہو جمعہ کی نماز میں انگریزی زبان میں دیے جاسکتے ہیں۔ پہلے حصے میں ۳۰ موضوعات تھے اور مقدمے میں دعا کی گئی تھی کہ مصنف ۵۲ پورے کر دیں۔ دعا کچھ زیادہ قبول ہوگئی اور اب ہمارے پاس ایک سال کے لیے ۵۵ خطبات ہیں۔

دراصل یہ خطبے اپنے موضوع پر نہایت مختصر' جامع' مستند اور علمی حیثیت سے اعلیٰ معیار کے مضامین ہیں جن سے ایمان کو طاقت اور توانائی فراہم ہوتی ہے۔ انگریزی تو اب ہر ملک کی زبان ہے۔ خود ہم پاکستان میں اس کی قدر افزائی اور بیچاری اُردو کی ناقدری کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ اس لیے اسلامک فاؤنڈیشن کا اصل کام اسے چھاپنے سے زیادہ ضرورت مندوں تک پہنچانا ہے۔

© rasailojaraid.com